# 16-04-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔  سپریم کورٹ نے آج تلنگانہ کے وائلڈ لائف وارڈن کو ہدایت دی ہے کہ کانچہ گچی باؤلی کے 100 ایکر پر محیط جنگلاتی علاقہ کے تحفظ کیلئے فوری اقدامات کئے جائیں۔

۲۔نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہاہے کہ اوڈیشہ میں قائم کردہ سنگارینی کالریز کی کانکنی ریاست کے باہر پہلا اقدام ہے۔

۳۔تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی، ریاست کیلئے سرمایہ کاری حاصل کرنے کے مقصد سے جاپان کے سات روزہ دورہ پر روانہ ہوئے ہیں۔

۴۔  حیدرآباد کی سی ایس آئی آر لیبارٹیریز کی جانب سے اس ماہ کی 22 اور 23 تاریخ کو شہر میں اسٹارٹ اَپ کانکلیو منعقد کیا جائے گا۔

STARTUP:

حیدرآباد کی سی ایس آئی آر لیبارٹیریز کی جانب سے اس ماہ کی 22 اور 23 تاریخ کو شہر میں اسٹارٹ اَپ کانکلیو منعقد کیا جائے گا۔  سی لیس آئی آر، انڈین انسٹیٹیوٹ آف کیمیکل ٹکنالوجی ( آئی آئی سی ٹی )، سی ایس آئی آر۔این جی آر آئی اور سی ایس آئی آر۔سی سی ایم بی کے مشترکہ تعاون سے یہ پروگرام منعقد ہوگا۔سی ایس آئی آر۔آئی آئی سی ٹی ڈائرکٹر سرینواس ریڈی نے آج ایک میڈیا کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ سائنس اور تکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ اِس کانکلیو کا افتتاح کریں گے جبکہ مرکزی وزیر کشن ریڈی دوسرے دن کانکلیو میں شرکت کریں گے۔سرینواس ریڈی نے کہا کہ اِس کانکلیو کا مقصد ریسرچ کے اداروں اور اسٹارٹ اَپ کمپنیوں کے درمیان اشتراک کو بڑھانا اور چھوٹی تجارتوں کو فروغ دینا ہے۔

SOUND BYTE SRINIVASA  REDDY

سی ایس آئی آر۔این جی آر آئی کے ڈائرکٹر پرکاش کمار اور سی ایس آئی آر۔سی سی ایم بی کے ڈائرکٹر ڈاکٹر ونئے نندی کوری نے کہا کہ اسٹارٹ اپس، آتمانر بھر بھارت میں اپنا حصہ ادا کریں گے اور سائنس کے شعبہ کے علاوہ معیشت میں خود مکتفی بننے کیلئے مدد کریں گے۔اِس دوران ایک نمائش کا بھی اہتمام کیا جائے گا جس میں تقریباً 70 اسٹارٹ اَپس کو پیش کیا جائے گا۔ یہ نمائش دو دن کیلئے عوام کیلئے کھلی رہے گی۔ڈاکٹر ونئے نے بتایا کہ بیشتر اسٹار اپس کمپنیاں، لائیو سائنس اور کیمیکل ٹکنالوجی بشمول بائیو پلاسٹکس سے مربوط ہیں۔

SOUND Dr. VINAY

SC-LAND:

سپریم کورٹ نے آج تلنگانہ کے وائلڈ لائف وارڈن کو ہدایت دی ہے کہ کانچہ گچی باؤلی کے 100 ایکر پر محیط جنگلاتی علاقہ کے تحفظ کیلئے فوری اقدامات کئے جائیں۔ عدالت نے کہا کہ ریاستی حکومت اس سلسلہ میں اپنی جانب سے اقدامات نہیں کرسکتی۔ جسٹس بی آر گوائی اور اے جی مسیح پر مشتمل ایک بنچ نے تلنگانہ حکومت کو یہ واضح کردیا کہ مذکورہ علاقہ میں کسی ایک درخت کو بھی نہیں ہٹایا جانا چاہئے۔ جسٹس گوائی نے کہا کہ جنگلاتی علاقہ کی بحالی کیلئے ٹھوس منصوبہ بندی کی جانی چاہئے۔ اس معاملہ میں تلنگانہ حکومت کی جانب سے سینئر ایڈوکیٹ اے ایم سنگھوئی اور ایڈوکیٹ شراون کمار نے مباحثہ میں حصہ لیا۔ سنگھوئی، عدالت کی اِس بات پر متفق ہوئے کہ پہلا کام جنگلاتی علاقہ کی بحالی ہے۔ جسٹس گوائی نے نے پوچھا کہ کیا آپ نے بلڈوزروں کو ہٹادیا ہے؟ سنگھوئی نے کہا کہ وہاں اِس وقت ناکارہ بلڈوزرس موجود ہیں۔ بنچ نے اِس معاملہ کی اگلی سماعت 15 مئی تک کیلئے ملتوی کردی۔

WEATHER:

تلنگانہ میں آئندہ 72 گھنٹوں کے دوران مختلف مقامات پر بجلیاں چمکنے اور تیز ہواؤں کے ساتھ بوندہ باندی کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مرکز نے اپنی روزانہ کی رپورٹ میں کہا کہ ریاست میں آئندہ تین دن کے دوران درجہ حرارت میں دو تا تین ڈگری سلسیس اضافہ کا امکان ہے۔ میڈیا اطلاعات کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اضلاع محبوب نگر اور نلگنڈہ میں کہیں کہیں ژالہ باری ہوئی جبکہ اسی مدت کے دوران ریاست کے چند ایک مقامات پر بارش بھی درج کی گئی۔ اعظم ترین درجہ حرارت کل نظام آباد میں 42.4 ڈگری سلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

KTR:

بھارت راشٹر یہ سمیتی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے کانچہ گچی باؤلی میں جنگلاتی علاقہ کی بحالی کے لئے سپریم کورٹ کی ہدایت کا خیر مقدم کیا ہے۔ کے ٹی آر نے اِس فیصلہ کو ماحولیات کی حمایت کرنے والو کیلئے ایک بڑی کامیابی قرار دیا۔ انہوں نے ایکس پر ایک پوسٹ میں کہا کہ بی آر ایس پارٹی، سپریم کورٹ کی سنٹرل اختیاری کمیٹی کی سفارشات کا بھی خیر مقدم کرتی ہے جس میں کانچہ گچی باؤلی کی زمینات پر بے قاعدگیوں کی بات نوٹ کی۔

TG-ED RAIDS:

انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کے عہدیداروں کی جانب سے حیدرآباد میں سورانا گروپ اور سائی سوریہ ڈیولپرس پر منی لانڈرنگ معاملہ میں صبح سے دھاوؤں کا سلسلہ جاری ہے۔ ای ڈی کی جانب سے اِن دونوں گروپوں کی جوبلی ہلز اور بوئن پلی میں واقع

املاک کی تلاشی لی جارہی ہے۔سرکاری ذرائع کے مطابق سائی سوریہ ڈیولپرس کی یہ مجرمانہ تاریخ رہی ہے کہ اس نے ونچرس کو وقت پر حوالہ نہیں کیا۔اس کے مالک ستیش چندرا گپتا کے خلاف گرین میڈوس ونچر دھوکہ دہی معاملہ میں ایک کیس درج کیا جاچکا ہے۔جیسا کہ اِس ونچر کیلئے مہیش بابو کو برانڈ ایمبسیڈر بنایا گیا تھا۔

INCOME TAX BILL:

نئے انکم ٹیکس بل 2025ء سے متعلق لوک سبھا کی سلیکٹ کمیٹی کی آج نئی دہلی میں واقع پارلیمنٹ ہاؤس میں ایک میٹنگ منعقد ہوئی۔31رکنی پیانل پر مشتمل اس میٹنگ کی صدارت بی جے پی ایم پی بے جینت پانڈا(Baijayant Panda) نے کی۔یہ کمیٹی اپنی رپورٹ، پارلیمنٹ کے مانسون سیشن کے پہلے دن پیش کرے گی۔انکم ٹیکس بل 2025ء کا مقصد،انکم ٹیکس سے متعلق قوانین میں ترمیم اورانہیں ٹھوس بنانا ہے۔اِس بل کو پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کے پہلے حصہ کے دوران لوک سبھا میں پیش کیا گیا تھا۔بعدازاں اِس بل کوایوان کی سلیکٹ کمیٹی سے رجوع کیا گیا۔

CM-JAPAN:

تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سات روزہ دورہ پر کل جاپان کیلئے روانہ ہوگئے۔جہاں وہ ریاست کے لئے سرمایہ کاری حاصل کرنے کی کوشش کریں گے۔اِس دورہ کے دوران ریونت ریڈی ایک سرکاری وفد کی قیادت کریں گے جو اِس ماہ کی 22 تاریخ تک ٹوکیو، ماؤنٹ فوزی، اوساکا اور ہیروشیما کا دورہ کرے گا۔اس دورہ کے حصہ کے طور پر ریونت ریڈی، اوساکا ورلڈ ایکسپو 2025ء میں تلنگانہ پویلین کا افتتاح بھی کریں گے۔سی ایم کی زیرقیادت وفد اِس دوران جاپان کی مختلف سرکردہ کمپنی مینیجمنٹس ،صنعتکاروں اور مختلف نمائندوں سے ملاقات کرے گا۔

SLBC:

سری سیلم لفٹ بینک کنال سرنگ کے بچاؤ آپریشن کے تحت کھدائی کا کام مزید 50 میٹر تک جاری رہے گا۔جیسا کہ چٹانوں کو ہٹانے کی کوششوں میں تیزی پیدا کردی گئی ہے۔اسپیشل آفیسر شیوشنکر نے آج ناگرکرنول ضلع کے موضع دومل پینٹ میں واقع ایس ایل بی سی سرنگ کے مقام پر ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ اس میٹنگ میں سنگارینی مائنس ریسکیو، ساؤتھ سنٹرل ریلوے،ٹنل کنٹراکٹر جے پی کمپنی کے سینئر پراجکٹ انجینئر اور دیگر سینئر عہدیداروں نے شرکت کی۔بعدازاں شیوشنکر نے بتایا کہ سرنگ میں بچاؤ آپریشن پوری زوروشور سے جاری ہے۔

OATH:

بی آر ایس کے سینئر لیڈر شراون کمار نے جو ایم ایل اے کوٹہ کے تحت ایم ایل سی منتخب ہوئے ہیں، آج تلنگانہ قانون ساز کونسل میں حلف لیا۔ ایک تقریب کے دوران کونسل کے چیرمین سکھیند ر ریڈی نے انہیں حلف دلایا۔ نائب صدر نشین بنڈا پرکاش اور اپوزیشن لیڈر مدھوسدن چاری، بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ، سینئر لیڈرس ہریش راؤ، سبیتا اندرا ریڈی، سرینواس یادو، محمد محمود علی، پدما راؤ اور دیگر منتخبہ نمائندے اس موقع پر موجود تھے۔

BHATTI - SINGARENI:

تلنگانہ کے نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکہ نے حیدرآباد میں واقع مہاتما جیوتی راؤ پھولے پرجا بھون سے اوڈیشہ میں واقعہ سنگارینی کالریز نائنی پول بلاک کا ورچول طریقہ سے افتتاح کیا۔ انہوں نے اس موقع پر کہا کہ 136 سالہ تاریخ میں پہلی مرتبہ سنگارینی کالریز کمپنی لمیٹڈ (ایس سی سی ایل) کی جانب سے کسی دیگر ریاست میں کانکنی کے آپریشن شروع کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اوڈیشہ میں کانکنی کے کاموں کا آغاز صرف سنگارینی نہیں بلکہ ساری تلنگانہ ریاست کیلئے ایک خوشی کا لمحہ ہے۔

NOTICE:

سائبرآباد پولیس نے حیدرآباد سنٹرل یونیورسٹی کے قریب کانچہ گچی باؤلی کی اراضی سے متعلق ایک تصویر کو سوشیل میڈیا پر دوبارہ پوسٹ کئے جانے کے معاملہ میں سینئر آئی اے ایس آفیسر و پرنسپال سکریٹری سمیتا سبھر وال کو ایک نوٹس جاری کی ہے۔ یہ نوٹس بھارتیہ ناگرک سرکشا سنہیتا کے سیکشن 179 کے تحت جاری کی گئی۔ سبھر وال نے سوشیل میڈیا پر اے آئی کے ذریعہ بنائی گئی تصویر پوسٹ کی تھی۔ تلنگانہ پولیس کی جانب سے ان تمام افراد کو نوٹسیں جاری کی گئی ہیں جنہوں نے اس معاملہ میں تصاویر سوشیل میڈیا پر پوسٹ کی تھیں۔

DAY IPL:

انڈین پریمیم لیگ T20 ٹورنمنٹ میں آج شام دہلی کیپٹلس اور راجستھان رائلز کے درمیان میاچ کھیلا جائے گا۔ کل شب چندی گڑھ میں کھیلے گئے ایک میاچ میں پنجاب کنگس نے کولکتہ نائٹ رائیڈرس کو 16 رن سے شکست دی۔ پنجاب کنگس کے کھلاڑی یزویندر چہل نے عمدہ مظاہرہ کرتے ہوئے چار وکٹ حاصل کئے جس پر انہوں نے پلیئر آف دی میاچ کا ایوارڈ دیا گیا۔